**Press Release**
**April 28th, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی اور پاکستان ایکسپو سینٹرز کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط

اسلام آباد (۲۸ اپریل ) عوام میں سرمایہ کاری اور مالیاتی امور کے حوالے سے آگہی فراہم کرنے کے حوالے سے، سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اور پاکستان ایکسپو سینٹرز کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط کئے گئے۔ یاداشت پر ایس ای سی پی کے کمشنر عاکف سعید اور پاکستان ایکسپو سینٹرز کے چیف فنانشل آفیسر ضیاالمصطفی نے دستخط کئے۔
اس موقع پر جناب عاکف سعید نے عوام کو مالی امور اور سرمایہ کاری سے متعلق پر آگہی و تربیت فراہم کرنے کے لئے ایس ای سی پی کی مختلف اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ عام افراد کو اور موجودہ اور ممکنہ سرمایہ کاروں کو مالیاتی نظم بارے بنیادی تعلیم کی فراہمی اشد ضروری ہے تا کہ عام افراد اپنے مالی معاملات کو بہتر طریقے سے انجام دے سکیں۔ عوام کو ملک میں موجود سرمایہ کاروں کے بہترین مواقعوں کے بارے میں بھی آگاہی کے اقدامات اہمیت کے حامل ہیں۔

اس موقع پر جناب ضیاالمصطفی نے کہا کہ پاکستان ایکسپو سینٹر ایس ای سی پی کے انوسٹر ایجوکیشن کے پروگرام، جمع پونجی پر مکمل معاونت فراہم کرے گا اور اس حوالے سے سیمینار، کانفرنسیں اور نمائش جیسی سرگرمیاں منعقد کرنے کے لئے جگہ فراہم کرے گا۔